Atlas Honda Limited

# 60 واں سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ اٹلس ہنڈا لمیٹڈ کے اراکین کا 60 واں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعرات مورخہ 27 جون 2024 کی صبح 10:00 بجے آواری ہوٹل، مال روڈ، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:

## عمومی کاروبار

1) 21 جون 2023 کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

2) 31 مارچ 2024 کو ختم شدہ سال کے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کے جائزے کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(7) کے تحت ضرورت کے مطابق، کمپنی مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں، جنہیں درج ذیل لنک/ QR Code سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

https://www.atlashonda.com.pk/financial-reports/

3) آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضہ کا تعین کرنا۔ شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ اور بورڈ کی آڈٹ کمیٹی نے میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا نام دوبارہ تقرری کے لیے تجویز کیا ہے۔

4) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 31 مارچ 2024 کو ختم شدہ سال کے لیے حتمی نقد منافع منقسمہ بحساب 300 فیصد یعنی 30.00 روپے فی شیئر کی منظوری۔ یہ پہلے سے ادا شدہ عبوری نقد منافع منقسمہ بحساب 117 فیصد یعنی 17.00 روپے فی شیئر کے علاوہ ہے۔

## خصوصی کاروبار

5) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ QR code اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل/تقسیم پر غور وخوض اور منظوری۔

درج ذیل قرارداد پر ترمیم کے ساتھ یا بغیر کسی ترمیم کے اگر مناسب سمجھا گیا تو خصوصی قرارداد کی بنا پر غور وخوض اور منظوری:

5.1 قرار پایا ہے کہ ''ایس آر او 389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کی تعمیل کے مطابق کمپنی ممبران کو آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعے ترسیل کرنے کے بجائے QR Code اور ویب لنک کے ذریعہ ترسیل کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔''

5.2 ''چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو انفرادی حیثیت میں پیش کردہ مندرجہ بالا قرار دادوں پر عمل کرنے کا اختیار ہے اور اس سلسلے میں وہ کسی مقصد کے تحت تمام قانونی کارروائیاں اور چیزیں جو ضروری ہوں اور جن کی طلب ہوسکتی ہے رجسٹرار کے پاس مطلوبہ دستاویزات فائل کرنے کے لئے کوئی بھی یا تمام ضروری اقدامات بروئے کار لا سکتے ہیں۔''

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت مذکورہ بالا خصوصی امور سے متعلق اسٹیٹمنٹ اجلاس کی اطلاع کے ساتھ اراکین کو ارسال کیا جارہا ہے۔

## دیگر کاروبار

6) چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور پر غور وخوض۔

حسب الحکم بورڈ
ماہین فاطمہ
کمپنی سیکریٹری

کراچی 06 جون 2024

## نوٹس:

### i) حصص منتقلی کتب کی بندش

کمپنی کی حصص منتقلی کی کتاب بروز جمعہ 14 جون 2024 تا بروز بدھ 27 جون 2024 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار بنام میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ واقع ایم ایچ ہاؤس، 7 بینک اسکوائر، شاہراہِ قائداعظم، لاہور، پاکستان کو بروز جمعرات 13 جون 2024 شام 5:00 بجے سے پہلے موصول ہونے والے حصص منتقلی درخواست کو حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی اور اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے لیے قابل قبول تصور کیے جائیں گے۔

### ii) اے جی ایم میں شرکت

کمپنی کورم کے تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بناتے ہوئے شیئر ہولڈرز کے کم سے کم ذاتی حاضری کے ساتھ اس AGM کو بلانے کا ارادہ رکھتی ہے اس کیلئے حصص داروں کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے نام فولیو نمبر، موبائل نمبر حصص کی تعداد اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (دونوں اطراف) کو investor.relations@atlashonda.com.pk پر ای میل کریں اور اپنی ای میل کا عنوان "Registration for Atlas Honda's AGM" رکھیں۔ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ایسے حصص داران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کے ای میلز تمام تر درکار ضروریات کی تکمیل کے ساتھ 24 جون 2024 کو کاروباری اوقاتِ کار کے اختتام سے قبل ہمیں موصول ہوجائیں گی۔ میٹنگ کے وقت سے تیس منٹ قبل لاگ ان کی سہولت کھول دی جائے گی تاکہ شیئر ہولڈرز کی شناخت کے عمل کے بعد اجلاس میں شرکاء کی شمولیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ شیئر ہولڈرز کی شناخت اور تصدیق کے لیے درکار تمام ضروری کارروائیوں کو مکمل کرنے کے بعد اپنے اسمارٹ فون یا کمپیوٹر کے ذریعے لاگ ان ہو کر سالانہ اجلاس عام میں حصہ لے سکتے ہیں۔

اس سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے، اپنی رائے کا اظہار کرنے اور ووٹ دینے کے حقدار تمام حصص داران اپنی جانب سے اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی کے طور پر کسی اور شخص کو مقرر کرنے کے حقدار ہوں گے۔ ایک کارپوریٹ ادارہ حصص دار ہونے کے ناطے، کسی بھی شخص کی تقرری کرسکتا ہے، خواہ وہ شخص ذاتی حیثیت میں حصص دار ہو یا نہیں ہو۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، کارپوریٹ ادارے کی جانب سے نمائندگی اور ووٹ ڈالنے کے لیے نامزد شخص کی دستخط کے نمونے کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز/ پاور آف اٹارنی کی قرارداد کمپنی کو ایک مکمل پراکسی فارم کے ساتھ پیش کرنا لازمی ہے۔

پراکسی کی نامزدگی کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اجلاس کے وقت سے 48 گھنٹے قبل نامزدگی کی درخواست موصول ہونی چاہیے۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے سالانہ رپورٹ 2024 کے ساتھ ایک پراکسی درخواست فارم منسلک کیا گیا ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ایس ای سی پی کے بیان کردہ مندرجہ ذیل رہنما ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

**الف۔ اجلاس میں شرکت کے لیے:**

i۔ انفرادی شخص ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا جس کی حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں وہ اپنی شناخت کی تصدیق اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصلی پاسپورٹ کی کاپی اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مذکورہ ای میل ایڈریس پر ارسال کریں۔

ii۔ کارپوریٹ اداروں کے نمائندگان کو بورڈ آف ڈائریکٹرز/ ٹرسٹی کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد فرد کے نمونہ دستخط اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مذکورہ ای میل ایڈریس پر ارسال کرنا ہوں گے (اگر پہلے پیش نہ کیے گئے ہوں)۔

**ب۔ پراکسی نامزدگی کی صورت میں:**

i۔ انفرادی فرد ہونے کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ایسا فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، انہیں اوپر درج ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کروانا ہوگا۔

ii۔ بینفشل اونرز کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ تصدیق شدہ نقل اور پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کی جائے گی۔

iii۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل اپنا اصلی CNIC یا اصلی پاسپورٹ کی کاپی مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر ارسال کرنا ہوگا۔

iv۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ دستخط کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مذکورہ ای میل ایڈریس پر ارسال کیے جائیں گے۔ (اگر پہلے مہیا نہیں کیے گئے ہیں تو)

v۔ پراکسی فارم کے لیے دو گواہان کی ضرورت ہے، جن کے نام، پتے اور درست CNIC نمبرز کا اندراج فارم پر کیا جائے گا۔ شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹمز کے لیے اپنے تبصرے اور سوالات بھی ای میل ایڈریس investor.relations@atlashonda.com.pk پر ارسال کرسکتے ہیں۔

### iii) ای-ووٹنگ

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق S.143-145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے لاگو قوانین کے تحت اراکین اپنا ای-ووٹنگ کا حق بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

### iv) حصص یافتگان کی تفصیلات میں تبدیلی/اپ ڈیٹ

ایسے اراکین جو فزیکل (کاغذی شکل میں) حصص رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے متعلق ہمارے شیئر رجسٹرار کو جلد از جلد آگاہ کریں۔

فزیکل حصص رکھنے والے ایسے تمام انفرادی حصص داران جنہوں نے ابھی تک اپنا CNIC نمبر درج نہیں کروایا ہے انہیں ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے CNIC کی نقل ہمارے شیئر رجسٹرار کو پیش کریں۔ CNIC کی نقل جمع کرواتے وقت حصص داران کو اپنے متعلقہ فولیو نمبر کا حوالہ بھی دینا ہوگا۔ SECP کی ہدایات کے مطابق ایسے تمام حصص داران جن کا درست CNIC شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہے، ان حصص داران کی منافع کی ادائیگی روکی جاسکتی ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ حصص داران پر لازم ہے کہ وہ اپنے متعلقہ پارٹسپنٹ کے پاس اپنا NTN نمبر اپ ڈیٹ کریں، جبکہ فزیکل شیئر رکھنے والے کارپوریٹ اداروں کو اپنے NTN کی ایک نقل ہمارے شیئر رجسٹرار کو ارسال کرنی ہوگی۔ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت (جو بھی معاملہ ہو)، کمپنی کا نام، متعلقہ فولیو نمبر کا حوالہ دینا لازمی ہے۔

### v) سالانہ رپورٹ 2024 کی ترسیل:

31 مارچ 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے مالیاتی حسابات بمعہ رپورٹس کو کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب کر دیا گیا ہے جو مندرجہ بالا لنک/ QR Code کے ذریعے دیکھی جاسکتی ہے۔

https://www.atlashonda.com.pk/financial-reports/

SECP کے 2016/(1)SRO 470 بتاریخ 31 مئی 2016 کے مطابق کمپنی کے حصص داران نے اجلاس عام میں کمپنی کو منظوری دے دی ہے کہ کمپنی اپنے سالانہ بیلنس شیٹ، نفع ونقصان کے اکاؤنٹس، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس اور کمپنی کے دیگر معاملات کی معلومات اپنے اراکین کو کاغذی شکل کے بجائے بذریعہ CD/DVD/USB ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کرسکتی ہے۔ مندرجہ بالا کے مطابق کمپنی نے 2024 کی سالانہ رپورٹ اپنے ایسے حصص داران کو بذریعہ USBs ارسال کردی ہے، جن کی رابطے کی معلومات کمپنی کے ریکارڈ میں اپ ڈیٹ کردی گئیں تھیں۔

وہ حصص داران جو مذکورہ بالا دستاویزات کی کاغذی کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی سیکریٹری/ شیئر رجسٹرار کو اپنی درخواست بھیجیں، اس سلسلے میں اسٹینڈرڈ درخواست فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ مہیا کیا گیا ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ کمپنی شیئر ہولڈرز کی درخواست پر مذکورہ بالا دستاویزات کی کاغذی کاپی بلا معاوضہ ایک ہفتے کے اندر مہیا کرے گی۔ ممبران کو مزید مطلع کیا جاتا ہے کہ ایس آر او 787(1)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے مطابق اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) کے تحت آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی ترسیل کے لئے الیکٹرانک ذرائع بذریعہ ای میل منظوری دی گئی ہے۔

مندرجہ بالا تقاضوں کی تعمیل میں، سالانہ رپورٹ 2024 کی سافٹ کاپیاں ان ممبران کو ای میل کی جارہی ہیں جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے پاس موجود ہیں۔ دیگر ممبران جو بذریعہ ای میل سالانہ رپورٹ 2024 حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں وہ کمپنی کی ویب سائٹ یعنی http://www.atlashonda.com.pk پر فراہم کردہ فارم کے مطابق درخواست دائر کرسکتے ہیں۔

ممبران کو مزید مطلع کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی نوٹیفکیشن بذریعہ ایس آر او 389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل کی منظوری دی گئی ہے اور تکنیکی ترقی اور پرانی ٹیکنالوجی کے متروک ہونے کو دیکھتے ہوئے اس کی سرکولیشن کی منظوری دی گئی ہے جس کے باعث یو ایس بی/ڈی وی ڈی/سی ڈی کے ذریعے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل آئندہ سال سے منسوخ کی جاسکتی ہے۔

### vi) منافع کا منڈیٹ

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 212 کی تعمیل میں، لسٹڈ کمپنی کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے حصص داران کو کیش منافع الیکٹرونک ذرائع سے براہ راست ان کے اکاؤنٹ میں جمع کروائے جس کی تفصیلات حصص داران کی جانب سے جمع کروائی گئی ہیں۔

اسی طرح اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منافع وصول کرنے کے لیے، فزیکل شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ http://www.atlashonda.com.pk پر دستیاب الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم مکمل پُر کر کے اپنے دستخط اور CNIC/NTN کی نقل کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔ اگر حصص CDC کے پاس جمع ہیں تو الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر کر کے براہ راست شیئر ہولڈر کے بروکر/پارٹسپنٹ/CDC اکاؤنٹ سروسز کو جمع کروائیں۔

IBAN تفصیلات نہ ملنے کی صورت میں (کمپنیز ڈسٹری بیوشن ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کی تعمیل کے تحت کمپنی کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور کیا جائے گا۔

### vii) غیر کلیم شدہ منافع

ایسے شیئر ہولڈرز جو کسی بھی وجہ سے اپنے منافع/ حصص کا حصول نہیں کر سکے ہیں (اگر کوئی ہے)، تو انہیں چاہیے کہ ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں اور اپنے غیر کلیم شدہ منافع/ حصص کے بارے میں معلومات حاصل کریں (اگر کوئی ہے تو)۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کی تعمیل میں، مقررہ طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد، اس طرح کے تمام منافع منقسمہ 3 سال یا اس سے زیادہ مدت کے لیے بقایا اور قابل ادائیگی کی تاریخ سے وفاقی حکومت کے پاس جمع کروائے جائیں گے اور حصص کی صورت میں ایس ای سی پی کے حوالے کیا جائے گا۔

### viii) منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے مطابق کمپنی کی جانب سے ادا کیے جانے والے منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے مختلف ریٹ تجویز کیے گئے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| انکم ٹیکس ریٹرن کے 'فائلر' کے لیے | 15 فیصد | انکم ٹیکس ریٹرن کے 'نان فائلر' کے لیے | 30 فیصد |

''فائلر'' ایک ایسا ٹیکس دہندہ ہے جس کا نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ تازہ ترین Active Tax Payer List (ATL) میں موجود ہوتا ہے۔

وہ تمام حصص داران جن کے نام ATL میں موجود نہیں ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کو ودہولڈنگ ٹیکس 15 فیصد پر کٹوتی کا مجاز بنانے کے لیے اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کا نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ویب سائٹ پر جاری کردہ تازہ ترین ATL میں موجود ہوں بصورتِ دیگر ان کے کیش منافع پر ٹیکس کٹوتی 30 فیصد کے حساب سے کی جائے گی۔

مشترکہ حصص داران کی صورت میں، ہر حصص دار کو اپنی شیئر ہولڈنگ کے بارے میں مندرجہ ذیل طریقہ کار کے مطابق معلومات فراہم کرنی ہوں گی، جیسا کہ فائلر اور نان فائلر کی ٹیکس کٹوتی کے لیے درکار ہے یا اگر کمپنی کو حصص داران کی جانب سے ایسا کوئی نوٹیفکیشن موصول نہیں ہوتا ہے تو ایسا تصور کیا جائے گا کہ ہر حصص دار برابر تعداد میں حصص کی ملکیت رکھتا ہے۔

| فولیو/CDS | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈرز | | جوائنٹ شیئر ہولڈرز | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |

11 جون 2024 بروز منگل بوقت شام 5:00 بجے کاروبار کے اختتام تک مطلوبہ معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار تک پہنچانا ضروری ہے ورنہ تصور کیا جائے گا کہ حصص پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ ہولڈرز کے پاس برابر حصص ہیں۔

محکمہ ایف بی آر کی جانب سے جاری وضاحت کے تحت، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے دوسرے شیڈول کے IV حصے میں موجود کلاز 47B کے تحت آرڈیننس میں موجود سیکشن 156 کے ذریعے ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ حاصل کرنے کے لیے باضابطہ مستثنیٰ سرٹیفکیٹ جمع کروانا لازمی ہے۔ مندرجہ بالا کلاز میں واضح کردہ کیٹیگری میں شمار ہونے والوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنا لاگو استثنیٰ سرٹیفکیٹ ہمارے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں بصورتِ دیگر انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں درج نرخ کے مطابق ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

### ix) فزیکل شیئر کو CDC اکاؤنٹ میں جمع کروانا

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، ہر کمپنی کے لیے لازمی ہے کہ وہ ایکٹ کے نفاذ سے 4 سالہ مدت کے اندر اپنے فزیکل شیئرز یعنی کاغذی حصص کو بک انٹری کی شکل میں بالکل اسی طرح تبدیل کرے۔ مزید یہ کہ اپنے 26 مارچ 2001 کو تحریر شدہ خط کے ذریعے، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے ان حصص داران کو تجویز کریں جن کے شیئرز اب تک فزیکل شکل میں رکھے ہوئے ہیں تاکہ ان کے شیئرز کو بک انٹری میں تبدیل کیا جاسکے۔ مذکورہ بالا شق کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے حصص داران اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں رکھنے کے لیے اسٹاک مارکیٹ کے کسی بھی بروکر کے ساتھ CDC ذیلی اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں یا CDC کے ساتھ براہ راست اپنا اکاؤنٹ بھی کھلوا سکتے ہیں۔ اسی طرح انہیں متعدد سہولیات حاصل ہوں گی جن میں حصص کی محفوظ تحویل اور اپنی مرضی کے مطابق فروخت بھی شامل ہے، جیسا کے اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قوائد کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔

### x) زکوٰۃ ڈیکلریشن (CZ-50)

زکوٰۃ کی کٹوتی تقسیم شدہ منافع سے ہر 10 روپے پر پیڈ اپ ویلیو کی 2.5 فیصد کی شرح کے حساب سے کی جائے گی، اور مقرر کردہ مدت میں متعلقہ اتھارٹی کو جمع کروادی جائے گی۔ استثنیٰ کے دعوے کی صورت میں، براہ مہربانی اپنی زکوٰۃ ڈکلریشن، زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 اور رول 4 آف زکوٰۃ (ڈکلریشن اور ریفنڈ) رولز، 1981 کے تحت CZ-50 فارم ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔ فزیکل حصص داران بھی مندرجہ بالا ڈکلریشن ہمارے شیئر رجسٹرار کو جمع کروانے کی درخواست ہے۔ حصص داران لازمی طور پر متعلقہ # CDS A/C یا فولیو نمبر اور اٹلس ہنڈا لمیٹڈ کا نام زکوٰۃ ڈکلریشن میں متعلقہ جگہ درج کریں۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت بیان

یہ بیان اٹلس ہنڈا لمیٹڈ کے مورخہ 27 جون 2024 کو منعقد ہونے والا سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے جس میں کچھ خصوصی امور کی انجام دہی کی جانی ہے۔ اس بیان کا مقصد خصوصی امور سے متعلق مادی حقائق کو بیان کرنا ہے۔

### ایجنڈا آئٹم نمبر 5

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کے ممبران کو تجویز کی ہے کہ ایس ای سی پی نے ایس آر او 389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ذریعے مطلع کیا ہے جس کے تحت اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط، لسٹڈ کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ، منافع اور نقصان کی رپورٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ اپنے اراکین کو یو ایس بی/ڈی وی ڈی/سی ڈی کے ذریعے ترسیل پر آئندہ سال سے پابندی لگا جانے کی وجہ سے مالیاتی گوشواروں کو کیو آر کوڈ اور بذریعہ ویب لنک ترسیل کی اجازت دی گئی ہے جبکہ ایس آر او کی ضروریات کی تعمیل کرتے ہوئے حصص یافتگان کی بھی منظوری درکار ہوگی۔

کمپنی کے حصص داران کے علاوہ ڈائریکٹرز ان امور میں دلچسپی نہیں رکھتے۔

54cm x 5col.